کے کنوینز سلامت ایم - بھٹی نے سیالکوٹ سے آئے ہوئے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد کی قیادت خورشید ایم - سرویا، سیکرٹری مذہبی امور ''مسیحی عوامی اتحاد'' کر رہے تھے۔ جناب سلامت ایم - بھٹی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت اگر پاک سرزمین میں خدا کا نظام رائج کرنا چاہتی ہے تو ایسی تمام لعنتوں سے وطن عزیز کو پاک وصاف کیا جائے۔ (ہفت روزہ ''تجدید''، راولپنڈی - ۳۰ مئی ۱۹۹۹ء)

نئے پاپائی سفیر کا تقرر:

مونسنیر ایلسیاندرو ڈی اریکو(Monsignor Alessandro D'Errico) کا حال ہی میں پاکستان میں بطور پاپائی سفیر تقرر ہوا ہے۔ قبل ازیں وہ تھائی لینڈ، برازیل اور یونان میں بطور پاپائی سفیر فرائض انجام دے چکے ہیں۔ چند برس ویٹی کن کے ''سیکرٹریٹ آف سٹیٹ'' سے متعلق رہے ہیں۔

عزت مآب مونسنیر ایلسیاندرو ڈی اریکو اٹلی کے رہنے والے ہیں۔ اُنہوں نے فلسفہ، الٰہیات اور قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔ مادری زبان اطالوی کے علاوہ انگریزی، فرانسیسی اور پرتگیزی زبانوں پر عبور رکھتے ہیں۔ اُنہوں نے ۱۹۷۴ء میں بطور کاہن خدمت کا آغاز کیا تھا، ایک سال بعد پاپائے اعظم کے سفارتی شعبے میں شمولیت کی۔ ۱۴ نومبر کو کیرینی (اطالیہ) کے آرچ بشپ مقرر ہوئے اور پاکستان کے سفیر نامزد کیے گئے۔ (پندرہ روزہ ''کاتھولک نقیب''، یکم - ۱۵ جون ۱۹۹۹ء)